www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



عبدالعزیز خالد

# مدینے میں ماہِ تمام آگیا ہے

غلامِ محمد کا رتبہ بڑا ہے
ہر اورنگ زیب اس کے در کا گدا ہے

یہ گرد و غبارِ گزرگاہِ بطحا
یہ کحلِ جواہر ہے خاکِ شفا ہے

یہاں کا ہر اک ذرہ ہے سنگِ پارس
مہوّس! یہ مٹی نہیں کیمیا ہے

ہیں جاروب کش اس جگہ کے فرشتے
یہ آرامگاہِ سرِ انبیا ہے

وہ تعبیرِ خوابِ خداوندِ بیچوں
وہ نقشِ ہیولائے ارض و سما ہے

جو پچھلے پہر کالی کملی میں لپٹا
سرِ چرخِ دوّار محوِ دعا ہے

محبت ہے گو اس کو خوشبوئے قرن سے
مگر ٹھنڈک آنکھوں کی ذکرِ خدا ہے

بشر کو ملا ہے رسالت کا رتبہ
وہ ہم میں سے ہے، ہم سے لیکن جدا ہے

یہ اسما ہے ذاتِ النطاقین دیکھو
یہ سارا گھرانہ ہی اس پر فدا ہے

بجاتے ہیں دف زہرہ چشمانِ یثرب
مدینے میں ماہِ تمام آگیا ہے

مکیں یاد آئے مجھے ذی سلم کے
جگر کا لہو آنسوؤں میں ملا ہے

ہر اک شے ہے آساں مگر ذکرِ خوباں
بیانِ جفا ہے حدیثِ وفا ہے

کہاں ہو سکی عشق کی پردہ داری
برستا ہے پانی دھواں اٹھ رہا ہے



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



بسی ہے فضاؤں میں خوشبوئے رفتہ — کفِ دستِ صحرا پہ رنگِ حنا ہے
سُراقہ کے ہاتھوں میں کسریٰ کے کنگن — عمرؓ پیش گوئی پہ سر دھن رہا ہے
فراشِ محمدؐ پہ مشرک نہ بیٹھے — یہ اُمِّ حبیبہ نے کس سے کہا ہے؟
کسے حوصلہ اس کی نعت و ثنا کا — امامِ رُسل ہے امینِ خدا ہے
صدا نحنُ اقربُ کی آتی ہے پیہم — یہ دھڑکن ہے دل کی کہ بانگِ درا ہے
صبا گدگداتی ہے جب تک گلوں کو — لبِ ساربان پر نشید و حُدا ہے
تری رحمت اس کی کرے دستگیری — دلِ خالد آماجِ رنج و بلاء ہے
پریشان و محزون و خاموش و حیراں — صنم آشنا، رہینِ خوف و رجا ہے
رہے ذکر سے عمر معمور اس کی — کہ خواب و خورش اس کا حرفِ دعا ہے
عوض سے معرّا غرض سے مبرّا — سخن ور ہے لوح و قلم مانگتا ہے

یکے جرعہ دریا! یکے قطرہ یاراں!
ہے لب تشنہ، جویائے آبِ بقا ہے!


## مطبوعات ابن تیمیہ اکیڈمی

(۱) تفسیر آیت کریمہ (اردو) امام ابن تیمیہؒ، قیمت ۱۰ روپے (۲) الکلم الطیب (عربی) امام ابن تیمیہؒ قیمت ۹ روپے (۳) العبودیۃ (عربی) امام ابن تیمیہؒ قیمت ۱۰ روپے (۴) اصول الدین الاسلامی (عربی) شیخ محمد بن عبدالوہابؒ قیمت ۲½ روپے (۵) اصول دین (اردو) ترجمہ محمود احمد غضنفر السلفی قیمت ۲ روپے (۶) تعلیم الحج حج کے موضوع پر ایک عمدہ پیش کش از محمود احمد غضنفر السلفی قیمت ۳ روپے۔

ملنے کا پتہ: ابن تیمیہ اکیڈمی متصل مسجد منزل اہلحدیث نزد چوک یتیم خانہ بندر روڈ لاہور


© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ